# 38334- شوگر کا مریض روزے نہیں رکھتا

## سوال

میں شوگر کا مریض ہوں اور دن میں دو بار انسولین کا انجیکشن لینا ہوتا ہے ، اس لیے میں روزہ رکھنے کی بجائے اپنی افطاری کی قیمت کا فدیہ ادا کرتا ہوں ، کیا اس طریقہ سے میرا فدیہ ادا کرنا صحیح ہے یعنی فدیہ میں نقدی ادا کرنا کیونکہ میں شادی شدہ نہ ہونے کی وجہ سے ہوٹل میں افطار کرتا ہوں ۔
اور کیا یہ فدیہ تین یا زیادہ مسکینوں پر تقسیم کیا جا سکتا ہے کیونکہ مجھے افطاری کا محتاج نہیں ملتا ؟

## پسندیدہ جواب

جب آپ روزہ رکھنے کی استطاعت رکھتے ہیں تو آپ پر روزہ رکھنا واجب ہے ، اور اس حالت میں روزہ چھوڑ کر کھانا تقسیم کرنے پر ہی اکتفا کرنا جائز نہیں ، اور انسولین کے انجیکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا اس لیے آپ روزہ رکھ کر بھی انسولین استعمال کر سکتے ہیں ، اور رمضان کے بعد افطار کیے ہوئے دنوں کی قضاء کریں ۔

آپ مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (1319) کے جواب کا مطالعہ بھی کریں ۔

لیکن اگر آپ کو روزہ رکھنے سے نقصان ہوتا ہو یا پھر آپ کو شدید مشقت ہوتی ہو یا دن کو دوائی کھانے کی ضرورت ہو تو اس وقت آپ کے لیے روزہ ترک کرنا جائز ہے ، اور اگر مستقبل میں بھی آپ قضاء نہ کر سکنے کی طاقت رکھتے ہوں تو ہر دن کے بدلے میں ایک مسکین کو کھانا کھلائیں ۔

اور آپ کے لیے نقدی حالت میں فدیہ نکالنا جائز نہیں ، بلکہ کھانے کی شکل میں ہی نکالنا واجب ہے اس لیے کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

.{اور وہ لوگ جو طاقت رکھتے ہیں وہ بطور فدیہ مسکین کو کھانا کھلائیں}. البقرۃ (184) ۔

آپ پر ضروری ہے کہ واجب ادا کرنے کے لیے مساکین کو تلاش کریں ، یا پھر نقدی اسے ادا کریں جو اس کے قائم مقام بن کر کھانا خرید کر مسکینوں تک کھانا پہنچائے ۔

واللہ اعلم .